ONE NATION
ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ڈومیسٹک کرکٹ سیزن کے سات ٹورنامنٹس کے شیڈول کا اعلان

- سیزن کا آغاز 10 ستمبر کو قائد اعظم ٹرافی اور حنیف محمد ٹرافی سے ہو گا

لاہور 6 ستمبر، 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 2023-24 میں ہونے والے سات ٹورنامنٹس کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔

ڈپارٹمنٹس ٹورنامنٹس کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

2023-24 کے سیزن کا آغاز قائد اعظم ٹرافی سے ہو گا جو 10 ستمبر کو شروع ہو گی اور اس کا اختتام 26 اکتوبر کو ہو گا۔ آٹھ ٹیموں کے اس ریجنل ٹورنامنٹ کا آغاز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں لاہور ریجن وائٹس اور لاہور ریجن بلوز کے میچ سے ہو گا۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور 22 سے 26 اکتوبر تک ہونے والے فائنل کی میزبانی بھی کرے گا۔

نان فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ حنیف محمد ٹرافی بھی 10 ستمبر سے شروع ہو گا جس میں دس ریجنل ٹیمیں حصہ لیں گی جنہیں دو گروپس میں رکھا گیا ہے۔ ہر گروپ سے دو ٹاپ ٹیمیں سپر فور کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ سپر فور کی ٹاپ ٹیم آئندہ سال قائد اعظم ٹرافی کے لیے کوالیفائی کرے گی۔

حنیف محمد ٹرافی کے میچز میر پور۔ ملتان۔ مظفر آباد اور رحیم یار خان میں کھیلے جائیں گے۔

دو ون ڈے ٹورنامنٹس پاکستان کپ اور حنیف محمد کپ یکم نومبر سے شروع ہونگے۔ پاکستان کپ کے میچز ایبٹ آباد اور راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ سیمی فائنلز 16 اور 17 نومبر اور فائنل 19 نومبر کو ہوگا یہ تینوں میچز پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونگے۔

حنیف محمد کپ یکم نومبر سے شروع ہوگا اور اس کے میچز آزاد جموں کشمیر۔ فیصل آباد ملتان اور رحیم یار خان میں ہونگے۔ اس کی فاتح ٹیم وہ ہوگی جو سپر فور میں ٹاپ کرے گی۔

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کراچی میں 24 نومبر سے 10 دسمبر تک کھیلا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں اٹھارہ ریجنل ٹیمیں سپر 8 میں کوالیفائی کرنے کے لیے مقابلہ کریں گی سپر 8 مرحلہ یکم سے 8 دسمبر تک کھیلا جائے گا۔ سیمی فائنلز 9 دسمبر کو ہونگے جبکہ فائنل 10 دسمبر کو کھیلا جائے گا۔

دو انڈر 19 ٹورنامنٹ - نیشنل انڈر 19 چیمپئن شپ (تین روزہ) اور نیشنل انڈر 19 کپ (ایک روزہ) 15 ستمبر سے 13 نومبر تک منعقد ہوں گے۔ دونوں ٹورنامنٹ ایک ساتھ منعقد ہوں گے، ہر راؤنڈ میں دونوں فارمیٹس کے درمیان ایک دن کا فرق ہوگا۔ 18 ریجنز کو تین گروپس میں تقسیم کیا جائے گا، ہر گروپ کی ٹاپ ٹیم ٹرائنگولر مرحلے کے لیے کوالیفائی کرے گی۔ ٹرائنگولر مرحلے کی ٹاپ دو ٹیمیں 10 سے 13 نومبر تک شیخوپورہ کی رانا نوید اکیڈمی میں نیشنل انڈر 19 چیمپئن شپ کا فائنل کھیلیں گی۔ نیشنل انڈر 19 کپ کا فائنل 26 اکتوبر کو اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کا ڈومیسٹک کیلنڈر اس طرح ہے۔

10 ستمبر سے 26 اکتوبر۔ قائد اعظم ٹرافی۔ ایبٹ آباد۔ لاہور۔ راولپنڈی۔

10 ستمبر سے 25 اکتوبر۔ حنیف محمد ٹرافی۔ آزاد جموں کشمیر۔ ملتان۔ رحیم یار خان۔

15 ستمبر-13 نومبر – قومی انڈر 19 چیمپئن شپ (تین روزہ)

19 ستمبر-26 اکتوبر – نیشنل انڈر 19 کپ (ایک روزہ)

یکم سے 19 نومبر۔ پاکستان کپ۔ ایبٹ آباد۔ اسلام آباد۔ راولپنڈی۔

یکم سے 16 نومبر۔ حنیف محمد کپ۔ آزاد جموں کشمیر۔ فیصل آباد۔ ملتان۔ رحیم یار خان۔

24 نومبر سے 10 دسمبر۔ نیشنل ٹی ٹوئنٹی۔ کراچی۔

-ENDS-

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan. PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial